یوم پاکستان آج سادگی سے منایا جارہا ہے

SAMAA | TV - Posted: Mar 23, 2020 | Last Updated: 2 hours ago

فوٹو: آن لائن

کرونا وائرس کے باعث یوم پاکستان آج سادگی سے منایا جارہا ہے، ملک میں اس حوالے سے پریڈ بھی منسوخ کردی گئی تھی۔

یوم پاکستان کے آغاز پر توپوں کی سلامی کے علاوہ نعرہ تکبیر اور ''پاکستان زندہ باد'' کے فلک شگاف نعرے بھی لگائے گئے۔

اس متعلق پروگرام نیا دن میں گفتگو کرتے ہوئے وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کا کہنا تھا کہ دنیا بھر میں کرونا کے باعث آج کا دن سادگی سے منا رہے ہیں۔ ہمیں شکر ادا کرنا چاہیے تحریک پاکستان کے لوگوں نے ہمیں آزادی دلوائی۔

واضح رہے کہ 23 مارچ وہ عظیم دن ہے جب انگریز کی غلامی سے نجات پانے کے لیے قرار داد پاکستان منظور کی گئ۔ قرارداد پاکستان کا نام قرارداد لاہور تھا لیکن متعصب ہندو پریس نے از خود اس کو قرار دادِ پاکستان کہنا شروع کر دیا۔

سن 1940 م يں آج ہی کے دن لاہور کے منٹو پارک میں قرارداد پاکستان کی منظوری دی گئ جس کا مقصد جنوبی ایشیا کے مسلمانوں کیلیۓ الگ وطن کا قیام تھا اور پھر برصغیر کے مسلمانوں کے لیے تاریخی تحریک شروع ہوئی۔

اس کے 7 برس بعد مسلم ل يگ اپنا مطالبہ منظور کرانے میں کامیاب رہی اور اسلامی جمہوریہ پاکستان دنیا کے نقشے پر ابھرآیا۔